اخبار المرکز

☆ جامعہ المرکز الاسلامی کے مہتمم مولانا سید نصیب علی شاہ الہاشمی ممبر قومی اسمبلی نے 3 اکتوبر 2003ء سے 18 اکتوبر 2003ء تک فرانس، بلجیم اور جرمنی کا دورہ کیا۔

☆ اپنے دورہ کے دوران انہوں نے پاکستان کمیونٹی سنٹر پیرس، اسلامک سنٹر بروسل اور پاک دارالسلام مسجد فرینکفرٹ میں مختلف سیمینار اور اجتماعات سے خطاب کیا۔ انہوں نے امام قرطبی انسٹی ٹیوٹ بروسل میں شیخ احمد تیجانی کے دعوت پر عربی میں ایک محاضرہ بھی دیا۔

☆ جامعہ المرکز الاسلامی کے تحت مختلف علاقوں میں درج ذیل مساجد کی تعمیر مکمل کی گئی
نورڑ، براڑہ میراخیل، بھرت، کسکی اخوندان، پانک زئی سورانی،

☆ جامعہ المرکز الاسلامی نے اپنے رفاہی، سماجی خدمات پروگرام کے تحت درج ذیل نئے مساجد پر کام شروع کیا ہے
میراخیل، اعوان آباد کچوزئی، پاڑہ کلہ دیگان

☆ جبکہ درج ذیل دیہات میں آبنوشی اسکیموں پر کام شروع کیا ہے اور بعض پر کام مکمل ہو چکا ہے
ناربوستان 4 عدد، مسجد نار شکراللہ، مدرسہ بیدل خیل، میر دل کلہ

☆ شعبان ۱۴۲۴ھ میں جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان کے فضلاء دورہ حدیث کی دستار بندی کا جلسہ منعقد ہوا جس میں شیخ الحدیث مولانا محمد حسن جان مدنی اور دیگر علماء کرام نے شرکت کی۔

☆ جامعہ کے شعبہ دار المحبۃ للایتام کے تحت رمضان ۱۴۲۴ھ کو دوصد یتیم بچوں اور بچیوں کو عید لباس، گرم بنین اور جوتے مہتمم صاحب کے ہاتھ تقسیم کئے گئے۔

☆ شیخ التفسیر مولانا محمد علی نے جامعہ المرکز الاسلامی میں امسال رمضان میں طلبہ کو دورہ تفسیر مکمل کرایا۔

☆ شوال ۱۴۲۴ھ سے جامعہ المرکز الاسلامی نے مشہور تجربہ کار استاذ مولانا اختر جان کی خدمات حاصل کی ہیں۔ موصوف دورہ حدیث، موقوف علیہ اور تکمیل کے درجہ جات میں اسباق پڑھائیں گے۔ واضح رہے کہ المرکز کے جملہ شعبہ جات میں 76 اساتذہ و معلمات تدریسی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

☆ مہتمم المرکز نے 4 دسمبر کو مدرسہ سراج العلوم کوئٹہ میں جمعیت علماء اسلام کے مرکزی المجلس الفقہی کے اجلاس میں شرکت کی، جس کی صدارت مولانا عبدالغنی سابقہ ایم این اے نے کی۔ جس میں عصر حاضر کے متعدد مسائل پر بحث کی گئی

☆ عید الفطر ۱۴۲۴ھ کے دوسرے روز وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد الحاج محمد اکرم خان درانی صاحب مہتمم صاحب سے ملنے المرکز الاسلامی تشریف لائے، علماء وطلبہ نے باب الجامعہ پر ان کا استقبال کیا، بعد میں مولانا نصیب علی شاہ، وزیر اعلیٰ محمد اکرم خان درانی کے ہمراہ قائد اسلامی انقلاب مولانا فضل الرحمٰن کو عید مبارکباد دینے کیلئے عبدالخیل گئے اور بعد میں مفکر اسلام مولانا مفتی محمودؒ کے قبر پر فاتحہ خوانی گئے۔

☆ حسب دستور امسال بھی رمضان المبارک کے دوران سینکڑوں بیوگان، محروم طبقہ اور ایتام کو المرکز کی طرف سے نقد مالی امداد فراہم کی گئی۔

☆ عید الفطر کے تین دنوں میں سینکڑوں اشخاص نے المرکز الاسلامی آکر مہتمم المرکز سے ملاقات کر کے عید مبارک پیش کی جن میں معزز شخصیات، حکومتی افیسران اور اراکین صوبائی اسمبلی بھی شامل تھے۔

☆ مولانا نصیب علی شاہ نے بحیثیت ممبر قومی اسمبلی **29** نومبر کو بروز ہفتہ امام الہند لائبریری اور **30** نومبر **2003**ء کو المرکز میں عوام کیلئے کھلی کچہری منعقد کر کے سینکڑوں حاجت مندوں کے درخواستوں پر ہمدردانہ غور کیا۔

☆ شعبان میں وفاق المدارس العربیۃ کے زیر اہتمام منعقدہ سالانہ امتحانات منعقد ہوئے۔ مہتمم المرکز نے جنوبی سرحد کے چھ اضلاع کے جملہ امتحانی ہالوں کی بحیثیت رکن مرکزی مجلس عاملہ اور مسئول الامتحانات نگرانی کی اور امتحانی ہالوں کی کڑی نگرانی کرائی۔

جامعہ المرکز الاسلامی

کا عظیم علمی، فقہی، تحقیقی شاہکار

مجموعہ مقالات دوسری بنوں فقہی کانفرنس

ترتیب وتدوین کے آخری مراحل میں، جس میں

بنولنٹ فنڈ، اجتہاد اور عصر حاضر، اعضاء کا انتقال اور پیوند کاری، گروپ انشورنس، اسلام کا قانون بین الممالک، ھبہ میں قبضہ کی شرعی حیثیت، کو ایجوکیشن، پوسٹ مارٹم فساد وعدم فساد صوم کا معیار، عصر حاضر کا چیلنج اور علماء کرام کی ذمہ داریاں، ہاؤس بلڈنگ کے قرضوں پر بحث اور اس کا حل، موجودہ معاشی مسائل کا حل، فقہی مواد کی تشکیل جدید، تعزیر بالمال کی شرعی حیثیت، موجودہ انتخابات، سودی نظام کا اسلامی متبادل حل، بیع بالوفاء، اختلاف مطالع ورمضان وعیدین کی وحدت، انسانی حقوق، رسول اکرم ﷺ کی دعوت میں انسانی نفسیات کا لحاظ، قادیانی کفر کے کس قسم میں داخل ہیں، انسانی کلوننگ، اشرعی حیثیت، مجموعہ سود در ہن، یہودی وعیسائی تنظیموں کی سرگرمیاں، حقوق نسواں کا شرعی تصور، احتساب وغیرہ جیسے اہم عنوانات پر تفصیلی مقالات شامل اشاعت ہیں۔ جو کہ بڑی محنت اور کاوشوں سے کتابی صورت میں پیش کئے جا رہے ہیں۔ جلد ہی اپنی کاپی محفوظ فرمائیں۔

برائے رابطہ: دفتر جامعہ المرکز الاسلامی ڈاک خانہ خود صوبہ سرحد

فون نمبر: 0928- 310353 فیکس: 310355 ، ای میل: almarkazulislami@maktoob.com